پاک بحریہ کے سربراہ کا پیغام

میری ٹائم کے عالمی دن کے موقع پر پاک بحریہ کے سربراہ کا پیغام-2020

محفوظ جہاز رانی، سمندری تحفظ اور سمندری ماحول کی اہمیت پر توجہ مبذول کروانے کے لئے ہر سال میری ٹائم کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔اس سال میری ٹائم کے عالمی دن کا موضوع 'محفوظ جہاز رانی محفوظ زمین کی ضمانت' رکھا گیا ہے۔

جہاز رانی قابل انحصار رابطہ سازی اور تجارتی سامان کی ترسیل کے اعتبار سے موزوں ترین ذریعہ نقل وحمل فراہم کرتے ہوئے پوری دنیا میں معاشی اور سماجی رابطے کی بحالی کا کام کرتی ہے۔ بین الاقوامی معیشت کا زیادہ انحصار جہاز رانی سے جڑی سرگرمیوں پر ہے جو کے پوری دنیا میں 4500 بڑی بندرگاہوں کے ذریعے کی جانے والی عالمی تجارت کا تقریبا 90 فیصد ہے۔بحری سیکیورٹی کے روایتی اور غیر روایتی چیلنجز کے ساتھ ساتھ بڑھتی ہوئی آلودگی کی وجہ سے نیویگیشن کی آزادی اور سمندری ماحول متاثر ہو رہے ہیں۔ان مسائل کی شدت اور پھیلاؤ کے باعث یہ بات عیاں ہے کہ کوئی بھی قوم ان مسائل سے تنِ تنہا نبرد آزما نہیں ہوسکتی۔لہذا یہ تمام ساحلی ممالک کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ وہ مل کر سمندری تحفظ کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے اور بین الاقوامی قواعد وضوابط اور بہترین طریقوں کو بروئے کار لاکر جہاز رانی کی پائیدار صنعت کے لئے سازگار ماحول کو فروغ دیں۔

پاکستان کو قدرت کی جانب سے 1000 کلومیٹر سے زیادہ طویل ساحلی پٹی سے نوازا گیا ہے۔سمندری تجارت ہماری معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہماری 95 فیصد سے زیادہ تجارت سمندری راستے سے ہوتی ہے،اس کے باوجود پاکستانی پرچم بردار جہازوں کا ملکی سمندری تجارت میں حصہ محض 16 فیصد ہے۔چونکہ سی پیک اور گوادر پورٹ فعال ہو چکے ہیں اس لئے پاکستان میں سمندری سرگرمیوں کا کئی گنا بڑھنا ایک یقینی امر ہے۔اس سے وابستہ معاشی فوائد سے بھرپور استفادہ کرنے کی ضرورت ہے جو ملکی بحری شعبے کی ترقی سے ہی ممکن ہو سکے گا۔اس سلسلے میں گورنمنٹ آف پاکستان کی جانب سے 2020 کو بلیو اکانومی کا سال قرار دینا درست سمت میں ایک مثبت قدم ہے۔

پاک بحریہ سمندری دفاع کی اپنی بنیادی ذمہ داری کو نبھانے کے ساتھ ساتھ ملک میں میری ٹائم شعبے سے متعلق آگاہی پیدا کرنے اور بلیو اکانومی کو فروغ دینے کی راہ پر گامزن ہے۔ پاک بحریہ بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ ملکر مستقل تعمیری اقدامات کے ذریعے اور ریجنل میری ٹائم سیکیورٹی پٹرول کے ذریعے علاقائی سمندری تحفظ کو یقینی بنا رہی ہے۔کوسٹل سیکیورٹی اینڈ ہاربر ڈیفنس فورس ساحلی سیکیورٹی اسٹیشنز کے مربوط نظام پر مشتمل ہے اور کراچی میں واقع اسٹیٹ آف دی آرٹ جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر جس کو

بحری بیڑے، پاک میرینز اور اسپیشل آپریشن فورسز کی معاونت حاصل ہے، سمندری تحفظ کو برقرار رکھنے کے لئے دن رات کام کر رہے ہیں۔ یہ ہمارے ساحل پر درپیش کسی بھی مشکل صورتحال کا برقت ردعمل دینے کے لئے ہمہ وقت چوکس ہیں۔

پاک بحریہ سمندری آلودگی کو کم کرنے اور بحری وسائل کے محفوظ اور پائیدار استعمال کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ پاک بحریہ کی جانب سے گزشتہ برسوں میں شروع کئے گئے کچھ اہم اقدامات میں بندرگاہوں میں ٹھوس فضلہ اکٹھا کرنے کے لئے کشتیوں کی تعمیر، پاک بحریہ کے دائرہ اختیار میں تمام علاقوں میں سیوریج واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کا قیام اور سمندر میں تیل کی آلودگی سے نمٹنے کے لئے ضوابط کی تشکیل شامل ہیں۔ پاک بحریہ نے سمندری ماحولیاتی نظام کے تحفظ کے لئے گذشتہ تین سالوں کے دوران سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں 50 لاکھ سے زیادہ مینگرووز کے پودے بھی لگائے ہیں۔

میری ٹائم کے اس عالمی دن کے موقع پر پاک بحریہ عمومی طور پر سمندری شعبے کی ترقی اور بالخصوص جہاز رانی کی صنعت کے فروغ میں بھرپور تعاون کے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔ ہم صاف اور سرسبز ماحول کے حصول کے لئے سمندری آلودگی کو ختم کرنے کے اپنے عزم کی بھی ازسرنو توثیق کرتے ہیں۔ میں پاکستان کے میری ٹائم شعبے میں پائیدار ترقی کے حصول کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے مخلصانہ کاوشوں کا منتظر ہوں۔

Viewed by:S Lt PN Ifra Gul AM SOP

'3